www.KitaboSunnat.com

دار الافتاء

مولانا مفتی حافظ ثناء اللہ خاں مدنی
شیخ الحدیث جامعہ لاہور الاسلامیہ

شادی ہال میں کھانا؟ ...... حجامت اور سر منڈوانا؟
نمازِ جمعہ کی جگہ نماز ظہر؟ آمین بالجہر اور ایک قرآنی آیت؟

نمازی کے سامنے ہیٹر کی موجودگی؟

سوال: مسجد میں نمازی کے سامنے ہیٹر ہو تو اس کی نماز کا کیا حکم ہے؟ امام بخاریؒ کے باب: "من صلی وقدامه تنور أو نار... الخ" کا کیا مفہوم ہے؟

جواب: نمازی کے سامنے آگ وغیرہ ہونے کی صورت میں امام بخاریؒ نے عنوان بندی میں کراہت یا عدم کراہت کی تصریح نہیں کی۔ احتمال ہے کہ ان کی مراد یہ ہو کہ جو آدمی قبلہ کی طرف اس کو ہٹانے پر قادر ہو، اس کو ہٹا دینا چاہیے جس طرح کہ بعض سلف نے کراہت کی تصریح کی ہے۔ (فتح الباری: ۱/۶۸۶)

اور عدم استطاعت کی صورت میں اس پر کوئی مؤاخذہ نہیں۔ یہ بات باب کے تحت ذکر کردہ احادیث کے مطابق ہے۔ لہٰذا مسجد کے ہیٹروں کو غربی جانب کے بجائے شمالی یا جنوبی جانب یا پیچھے نصب کرنا چاہیے۔

گائے کی قربانی میں بے نمازوں کی شراکت؟

سوال: گائے/بیل کی قربانی کے حصہ داروں میں بعض نمازی اور بعض بے نماز ہوں تو کیا اس طرح قربانی درست ہے؟

جواب: جان ایک ہے، اس لئے اصل تو یہ ہے کہ ایک کی طرف سے قربانی ہو لیکن ربّ العزت کا احسان ہے کہ ایک جان کو سات کے قائم مقام قرار دیا ہے، اس لئے شریک ایک ہی قسم کے ہونے چاہئیں، یعنی سب کا اہل توحید ہونا ضروری ہے، پھر سب کی نیت بھی قربانی کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پرمشتمل مفت آن لائن مکتبہ